نیوز ریلیز

# خواتین اور بچوں کی صحت میں سرمایہ کاری

03 مئی 2024 میڈیا استفسارات

حکومت البرٹا، البرٹا نومولود بچوں کے اسکریننگ پروگرام کو وسعت دینے اور البرٹا میں خواتین کی صحت کی تحقیقات میں جدت لانے کے لیے $26 ملین کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

جیسا کہ حکومت البرٹا، البرٹا کے تمام لوگوں کے لیے صحت کے نتائج کو بہتر بنانے کی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، ان کوششوں کا ایک اہم مقصد خواتین اور بچوں کی صحت اور بہبود ہے۔ حکومت البرٹا، خواتین کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے وقف عمل ہے اور خواتین کی صحت میں تحقیق، وکالت اور طبی نگہداشت کے لیے فنڈز میں اضافہ کر رہی ہے۔

بجٹ 2024 کی مدد سے، حکومت البرٹا خواتین کی صحت کے مسائل کو سمجھنے اور ان کا ازالہ کرنے میں موجود دیرینہ خلاء کو پُر کرنے کے مقصد کی حامل اہم ترین تحقیق کی خاطر دو تنظیموں کی مدد کے لیے، دو سالوں میں 20 ملین ڈالر کا اپنا انتخابی وعدہ پایہ تکمیل تک پہنچا رہی ہے۔

"صحت مند خاندان، صحت مند معاشروں کی بنیاد ہیں۔ خواتین کی صحت اور نومولود بچوں اسکریننگ میں سرمایہ کاری کا مطلب بہتر نتائج اور زیادہ ذہنی سکون ہے۔ ہم ماہرین کو صحت کے مزید مسائل سے جلد نمٹنے کے لیے وسائل فراہم کر رہے ہیں اور یہ خاندانوں اور ہماری نگہداشت صحت کے نظام کے لیے اب اور مستقبل میں اہم ہے۔"

*ڈینیئل اسمتھ (Danielle Smith)، پریمیئر*

"جناب وزیراعظم نے مجھے البرٹا میں موجود خواتین اور بچوں کی صحت کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے واضح مینڈیٹ دیا ہے۔ ہمارا مقصد خواتین اور بچوں کے صحت کے پروگرامز اور تحقیقات کی قیادت جاری رکھنا ہے۔ یہ سرمایہ کاریاں صحت کے مسائل سے نمٹنے میں ایک حقیقی فرق پیدا کرے گی جو خواتین کو متاثر کرتے ہیں، مجموعی فلاح و بہبود کو فروغ دینا اور یقینی بنانا کہ البرٹا کا ہر فرد پھل پھول سکے، وہ اپنی عمر یا زندگی کے کسی بھی مرحلے پر ہوں، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔"

*ایڈریانا لا گرینج (Adriana LaGrange)، وزیر برائے صحت*

دو سالوں میں 20-ملین ڈالر کی سرمایہ کاری میں 10 ملین ڈالر، البرٹا ویمنز ہیلتھ فاؤنڈیشن لیگیسی گرانٹ بنانے کے لیے شامل کیے گئے ہیں تاکہ سرویکل کینسر، امراض قلب اور خواتین کی صحت کے دیگر عمومی حالات پر تحقیق میں مدد مل سکے۔ مزید برآں، فنڈنگ سے صوبے میں اعلیٰ محققین کو بھرتی کرنے اور وکالت اور آگاہی کی کوششوں میں مدد ملے گی۔

کیلگری ہیلتھ فاؤنڈیشن 25 سال سے زائد عرصے سے صحت کے پروگراموں اور تحقیق کے ذریعے مدد فراہم کرتے ہوئے، کیلگری کی بڑی کمیونٹی کی خدمت کر رہی ہے۔ فاؤنڈیشن کو اگلے دو سالوں میں ایسے پروگراموں کے لیے $10 ملین کے میچنگ فنڈز بھی ملیں گے جو کینسر کی تحقیق کے لیے مالی اعانت فراہم کرتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ کیلگری میں تیز رفتار

رسائی والے کلینکس اور پیلوک فلور ہیلتھ پروجیکٹس کی ترویج جیسے اقدامات بھی شامل ہیں۔ یہ اقدامات البرٹا کی لاکھوں خواتین کی منفرد ضروریات کے لیے نگہداشت صحت میں بہتریاں اور پیش رفت لائیں گے۔

**البرٹا نومولود بچوں کا اسکریننگ پروگرام**

ہر سال، البرٹا کے بہت سے بچے میٹابولک عوارض کے ساتھ جنم لیتے ہیں جو صحت کے سنگین مسائل یا موت کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ صحت مند نشوونما کے لیے ان عوارض کا جلد پتہ لگانا اور علاج کرانا بے حد ضروری ہے اور یہ بچوں کی اموات اور بیماری کی شرح میں نمایاں طور پر کمی لا سکتا ہے۔

ایک جامع اور موثر نومولود اسکریننگ پروگرام بچوں اور ان کے خاندانوں کی صحت، علاج اور مدد کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ البرٹا نومولود بچوں کی اسکریننگ کا پروگرام فی الحال 22 عوارض کے لیے اسکریننگ کرتا ہے اور یہ یقینی بناتا ہے کہ اسکرین یا جانچ کردہ تمام نونہال جو قابل علاج عوارض میں سے کسی ایک میں مبتلا ہو سکتے ہیں، ان کی طبی تشخیص، تشخیصی ٹیسٹنگ اور اگر ضروری ہو تو جلدی علاج کرایا جائے۔

بجٹ 2024 کے ذریعے، حکومت البرٹا ایک اور انتخابی وعدہ پورا کرتے ہوئے، میزان کو 26 پر لاتے ہوئے، چار اضافی عوارض کو شامل کرنے کے لیے 6$ ملین کی سرمایہ کاری کر کے البرٹا نومولود کی اسکریننگ کے پروگرام کو مزید آگے بڑھائے گی۔ چار نئے عوارض یہ ہیں: پیدائشی سائٹومیگالو وائرس، ارجنینوسوسینک ایسڈیوریا، گوانیڈینو ایسٹیٹ میتھل ٹرانسفریس کی کمی اور میوکوپولی سیکاریڈوسس ٹائپ 1۔ یہ توسیع موجودہ پروگرام کو کینیڈا میں سب سے زیادہ جامع بنا دے گی اور البرٹا کو ان چار عوارض کے لیے اسکرین کرنے والے پہلے صوبے کے طور پر قائم کرے گی، جس کے نتیجے میں بچوں کی بقا کی شرح میں بہتری آئے گی۔

**فوری حقائق**

- 2022-23 مالی سال میں، البرٹا نومولود بچوں کی اسکریننگ کے پروگرام نے کامیابی کے ساتھ البرٹا میں پیدا ہونے والے 99.2 فیصد بچوں کی اسکریننگ کی ہے اور 10 دنوں کے اندر ان شیرخوار بچوں میں سے 98.95 فیصد کے اسکرین کے نتائج کی اطلاع دی ہے۔
  - پروگرام میں مجموعی طور پر شرکت، پچھلے مالی سال (99.27 فیصد) سے مطابقت رکھتی ہے۔
- اسکریننگ کے چار نئے عوارض میں شامل ہیں:
  - **پیدائشی سائٹومیگالو وائرس:** پیدائشی سائٹومیگالو وائرس (CMV) ایک ایسی حالت ہے جس کے نتیجے میں بچے کے لیے صحت کے مختلف مسائل پیدا ہو سکتے ہیں، بشمول سماعت میں کمی، بینائی کی خرابی، ذہنی معذوری اور نشوونما میں تاخیر۔
  - **ارجنینوسوسینک ایسڈیوریا:** ارجنینوسوسینک ایسڈیوریا ایک غیر معمولی جینیاتی عارضہ ہے جس کی علامات میں ناقص فیڈنگ، الٹیاں، سستی، نشوونما میں تاخیر، دورے اور کوما میں جانا شامل ہو سکتے ہیں۔ علاج میں اکثر، امونیا کے لیول کو منظم کرنے کے لیے ایک خصوصی خوراک اور ادویات شامل ہوتی ہیں۔
  - **گوانیڈینو ایسٹیٹ میتھل ٹرانسفریس کی کمی:** گوانیڈینو ایسٹیٹ میتھل ٹرانسفریس کی کمی ایک غیر معمولی جینیاتی عارضہ ہے جو نشوونمائی تاخیر، دوروں اور دیگر مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔

- **میوکوپولی سیکریڈوسس ٹائپ 1:** میوکوپولی سیکریڈوسس ٹائپ 1 (MPS I) ایک غیر معمولی جینیاتی عارضہ ہے جو ڈھانچہ جاتی غیرمعمولی مسائل، اعضاء کے بڑا ہونے، دل اور سانس کے مسائل، نشوونما میں تاخیر، ادراکی معذوری اور بینائی اور سماعت کی کمی کا سبب بن سکتا ہے۔

**متعلقہ لنکس**

- پریمیئر ڈینیئل اسمتھ کا 2023 کا مینڈیٹ لیٹر (جو 18 جولائی 2023 کو جاری ہوا)
- البرٹا نومولود بچوں کا اسکریننگ پروگرام
- کیلگری ہیلتھ فاؤنڈیشن
- البرٹا ویمنز ہیلتھ فاؤنڈیشن

# میڈیا کے استفسارات

## سیم بلیکٹ (Sam Blackett)

587-589-6048
پریس سیکرٹری، دفتر برائے پریمیئر

## اینڈریا اسمتھ (Andrea Smith)

780-918-4284
پریس سیکرٹری، ہیلتھ